26-08-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---------------------------------------------------------

1 دوسری بھارت۔سنگاپور وزارتی گول میز کانفرنس آج سنگاپور میں منعقد ہوگی۔ چار مرکزی وزراء نرملا سیتا رمن، پیوش گوئل، ایس جے شنکر اور اشونی ویشنو کانفرنس میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

2 مہاراشٹر کابینہ نے، مرکز کی یونیفائڈ پینشن اسکیم کی طرز پر، ریاست کے سرکاری ملازمین کے لیے نظرِ ثانی شدہ قومی پینشن اسکیم کو منظوری دے دی ہے۔

3 آج پورے ملک میں جنماشٹمی کا تہوار منایا جا رہا ہے۔

4 بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اگلے تین روز کے دوران، مدھیہ پردیش، راجستھان، گجرات، مہاراشٹر اور گوا میں موسلا دھار بارش کی پیشیگوئی کی ہے۔

5 آج کاٹھمنڈو میں 20 سال سے کم عمر کی SAFF چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں، بھارت کی مردوں کی ٹیم کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

6 اور

امریکی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ 2024 آج سے نیویارک میں شروع ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

India-Singapore Roundtable

دوسری بھارت-سنگاپور وزارتی گول میز کانفرنس ISMR آج سنگاپور میں منعقد ہوگی۔ اِس کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان تجارت اور اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم کرنا ہے۔

چار مرکزی وزراء نرملا سیتا رمن، پیوش گوئل، ایس جے شنکر اور اشونی ویشنو اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ وزراء اپنے دورے میں سنگاپور کے اپنے ہم منصبوں اور قیادت سے بات چیت کریں گے۔

بھارتی برآمدات 14 ارب 41 کروڑ ڈالر مالیت کی ہے جبکہ درآمدات 21 ارب 20 کروڑ ڈالر مالیت کی ہیں۔ تجارت میں یہ فرق سنگاپور کے لیے فائدہ مند ہے۔

ایک رپورٹ

*V/C - Jhigyasa*

*ISMR ایک منفرد نوعیت کا نظام ہے جو، بھارت-سنگاپور دو طرفہ تعلقات سے متعلق ایک نیا ایجنڈہ طے کرنے کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ اِس کی پہلی میٹنگ نئی دلی میں ستمبر 2022 میں منعقد ہوئی تھی۔ اِس دوسری میٹنگ کے تحت دونوں ملک اپنی دفاعی شراکت داری کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیں گے اور اِس میں مزید اضافے کے لیے نئے موقعوں کی نشاندہی کریں گے۔*

*سنگاپور، بھارت کے لیے غیر ملکی سرمایہ کاری FDI کا ایک بڑا وسیلہ ہے۔ سال 2023-24 میں سنگاپور سے بھارتی مارکیٹس میں 11 ارب 77 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی تھی، جو سب سے بڑی رقم تھی۔ اپریل 2000 سے مارچ 2024 تک، سنگاپور سے آنے والے FDI کی مجموعی رقم 159 ارب 94 کروڑ ڈالر تھی۔*

*دو طرفہ تجارت کے تحت سنگاپور2023-24 میں بھارت کا، دنیا کا چھٹا سب سے بڑا شراکت دار ہے۔*

*جگیاسا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں فہیم احمد۔*

Piyush - Singapore Visit

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کَل سنگاپور میں عالمی کاروباری رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے امور پر تبادلہئ خیال کیا۔ ایک بیان میں کامرس اور صنعت کی وزارت نے کہا کہ میٹنگ کے دوران مختلف شعبوں میں اشتراک اور آپسی ترقی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے بھارت اور سنگاپور کے درمیان سرمایہ کاری کے مواقع کا پتہ لگانے اور اُن میں اضافہ کرنے کی غرض سے کلیدی مذاکرات ہوئے۔

وزارت نے کہا ہے کہ مذاکرات کے دوران ملک کی معاشی ترقی اور مختلف شعبوں میں اشتراک کو فروغ دینے کی خاطر بھارت نے سرمایہ کاری کرنے پر خصوصی توجہ دی۔ وزارت نے کہا ہے کہ اِن مذاکرات کے دوران SME سیکٹر سمیت سرمایہ کاری کو وسعت دینے پر زور دیا۔

مرکزی وزیر نے سنگاپور میں تکنیکی تعلیم کے انسٹی ٹیوٹ کے ہیڈکوارٹرس ITE اور ITE کالج سینٹر کا بھی دورہ کیا، تاکہ سیکھنے سکھانے کے جدید ماحول کو فروغ دینے میں بھارت اور سنگاپور کے درمیان اشتراک کے مواقع کا پتہ لگایا جاسکے۔×

Brazil FM - India Visit

برازیل کے وزیر خارجہ Mauro Vieira بھارت کے 4 روزہ دورے پر کَل شام نئی دلّی پہنچے۔ وزارت خارجہ نے بتایا کہ وزیر خارجہ جناب Vieira کے دورے سے بھارت اور برازیل کے درمیان کلیدی شراکت داری کو مزید جہت ملے گی۔ وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور جناب Vieira کَل بھارت-برازیل کی 9ویں مشترکہ کمیشن کی میٹنگ کی مل کر صدارت کریں گے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ اِس سال برازیل G-20 کی صدارت کررہا ہے۔ لہٰذا دونوں ملکوں کے وزراء اِس بات پر تبادلہئ خیال کریں گے کہ کس طرح دونوں ملک، پچھلے سال بھارت کی صدارت کے تحت G-20 کے کلیدی نتائج سے آگے بڑھ سکتے ہیں۔ وزارت نے مزید کہا ہے کہ بھارت اور برازیل کے درمیان کثیر رُخی تعلقات ہیں، جن کی مشترکہ قدریں ہیں۔

وزارت نے یہ بھی کہا کہ وزیر خارجہ Vieira کا آئندہ دورہ 2006 میں قائم کی گئی کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کا ایک موقع فراہم کرے گا اور باہمی علاقائی کے علاوہ مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔×

BJP - Congress

BJP نے، یونیفائڈ پینشن اسکیم UPS کو منظوری دینے پر، وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت والی سرکار کا خیر مقدم کیا ہے۔ نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے سینئر BJP رہنما روی شنکر پرساد نے کہا کہ وزیراعظم اِس معاملے پر حساس ہیں اور وہ ملازمین کے مطالبات سنتے ہیں۔ انھوں نے ایک کمیٹی تشکیل دی اور اِس کی رپورٹ کو مرکزی کابینہ کی طرف سے منظوری بھی دی گئی۔

Maharashtra Cabinet

وزیر اعلیٰ ایک ناتھ شندے کی قیادت میں مہاراشٹر کابینہ نے بھی ریاست کے سرکاری ملازمین کے لیے قومی پینشن اسکیم NPS پر، جس پر نظرِ ثانی کی گئی ہے، عمل درآمد کی منظوری دے دی ہے۔ یہ نظرِ ثانی، مرکزکی یونیفائڈ پینشن اسکیم UPS کی طرز پر کی گئی ہے۔ اِس تازہ اسکیم پر یکم مارچ 2024 سے عمل کیا جائے گا۔

ریاست میں 13 لاکھ 45 ہزار سرکاری ملازمین ہیں، جن میں مقامی انتظامیہ کے ملازمین بھی شامل ہیں۔ اِن 13 لاکھ 45 ہزار ملازمین میں سے، 8 لاکھ 27 ہزار ملازمین، فی الحال قومی پینشن اسکیم میں شامل ہیں۔

کابینہ نے یہ منظوری، ریٹائرڈ IAS افسر سُریش کمار کی قیادت والی ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی کی رپورٹ کی بنیاد پر دی ہے، جس نے سفارش کی تھی کہ ریاستی سرکار کو NPS میں سرمایہ کاری کا خطرہ مول لینا چاہیے۔

ایک رپورٹ

*پینشن کی نظرِ ثانی شدہ اِس اسکیم کے تحت ملازمین کو اُن کی آخری تنخواہ، مہنگائی بھتّے اور فیملی پینشن کے 60 فیصد حصے کے، پچاس فیصد کے برابر پینشن دی جائے گی۔ UPS کے تحت ملازمین کو اُن کی آخری 12 مہینے کی تنخواہ کی اوسط کا 50 فیصد حصہ دیا جائے گا۔ مہاراشٹر سرکار کی، نظرِ ثانی شدہ قومی پینشن اسکیم پر یکم مارچ 2024 سے عمل درآمد کیا جائے گا، جو ملازمین مارچ 2024 سے پہلے ریٹائر ہوگئے ہیں وہ بھی NPS کے تحت موصولہ یک مشت رقم کا 60 فیصد حصہ، ریاستی سرکار کو واپس کرکے، یہ نظرِ ثانی شدہ NPS اپنا سکتے ہیں۔*

*امید ہے کہ اِس اسکیم سے 13 لاکھ سے زیادہ ملازمین کو فائدہ حاصل ہوگا۔*

*ممبئی سے جیون بھوسار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں فہیم احمد۔*

نظرِ ثانی شدہ NPS کے تحت اُنھیں، اُن کی آخری تنخواہ کے پچاس فیصد حصے کے برابر پینشن دی جائے گی۔

پینشن کی نظرِ ثانی شدہ اِس اسکیم کے تحت ملازمین کو اُن کی آخری تنخواہ، مہنگائی بھتّے اور فیملی پینشن کے 60 فیصد حصے کے، پچاس فیصد کے برابر پینشن دی جائے گی۔ UPS کے تحت ملازمین کو اُن کی آخری 12 مہینے کی تنخواہ کی اوسط کا 50 فیصد حصہ دیا جائے گا۔x

DOT - Tripura

ٹیلی مواصلات کا محکمہ سیلاب سے متاثرہ تریپورہ میں ٹیلی کام خدمات بحال کرنے کی ہر ممکن کوشش کررہا ہے۔ مشکل چیلنج کے درمیان BSNL، ریلائنس، جیو، ایئرٹیل اور ووڈا فون سمیت ٹیلی فون خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں کی مشترکہ کوششوں سے ریاست میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں 94 فیصد سے زیادہ ٹیلی فون نیٹ ورک کو بحال کردیا گیا ہے۔ مواصلات کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس سے بچاؤ ٹیموں، سرکاری افسران اور عام لوگوں کے درمیان رابطوں میں مدد ملی ہے۔ تریپورہ میں اس ماہ

کی 19 سے 23 تاریخ تک غیر معمولی شدید بارش کے سبب بڑے پیمانے پر سیلاب کی وجہ سے معمولات زندگی میں خلل پڑا ہے۔×

BJP – CEC

جموں و کشمیر میں آئندہ اسمبلی انتخابات کے امیدواروں کے ناموں کو قطعی شکل دینے کے لیے کَل نئی دلی میں،BJP کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ منعقد کی گئی۔

میٹنگ میں وزیراعظم نریندر مودی، BJP صدر جگت پرکاش نڈّا، مرکزی وزراء، امت شاہ اور جتیندر سنگھ نیز پارٹی کے دیگر سینئر رہنماؤں نے شرکت کی۔x

<u>BREAK</u>

<u>یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

<u>GONG</u>

Janamashtami

بھگوان کرشن کا یوم پیدائش جنم اشٹمی کا تہوار آج ملک بھر میں مذہبی عقیدت سے منایا جارہا ہے۔ عقیدت مند بھگوان کرشن کی پوجا ارچنا کیلئے مندروں میں جمع ہورہے ہیں۔ اترپردیش میں متھرا اور وِرندا وَن میں بھگوان کرشن کا جنم دن منانے کیلئے پوری طرح تیاری کی گئی ہے۔ بانکے بہاری مندر، پریم مندر، Iskcon مندر اور بھگوان کرشن کی جائے پیدائش متھرا میں شری کرشن جنم بھومی مندر سمیت ہزاروں مندروں کو پوری طرح سجایا گیا ہے۔×

Prez - Janamashtami

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جنم اشٹمی کے موقع پر تمام شہریوں اور ملک سے باہر رہنے والے سبھی بھارتیوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ خوشی کا یہ تہوار ہمیں اِس بات کی تحریک دیتا ہے کہ ہم بھگوان شری کرشن کے نظریات کے تئیں خود کو وقف کریں۔ انھوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ Shrimad Bhagava Gita تمام انسانیت کیلئے تحریک اور روشن خیالی کا ایک دائمی وسیلہ ہے۔ صدر جمہوریہ نے ہر

ایک سے اپیل کی کہ وہ بھگوان شری کرشن کی تعلیمات کو اپنائیں اور ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے کام کرنے کا عہد کریں۔×

VP - Janamashtami

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے جنم اشٹمی کے موقع پر سبھی شہریوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں جناب دھنکھڑ نے کہا کہ جنم اشٹمی انتہائی روحانی اہمیت کا دن ہے، جو بھگوان کرشن کے جنم کا موقع ہے، جنہوں نے پیار و محبت اور سیدھے راستے پر چلنے کا درس دیا۔ نائب صدر نے کہا کہ یہ تہوار دھرما کے ابدی اقدار کی یاد دلاتا ہے، جو برائی پر اچھائی کی جیت کی علامت ہے۔ جناب دھنکھڑ نے شہریوں سے یہ بھی اپیل کی کہ وہ سیدھے راستے پر چلنے کا عہد کریں اور سبھی کی بھلائی کیلئے کام کریں۔×

PM - Janamashtami

شری کرشن جنم اشٹمی کے موقع پر بھگوان کرشن کے درشن کیلئے بڑی تعداد میں عقیدتمند جمع ہورہے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نریندر مودی نے ہر ایک کو جنم اشٹمی پر اپنی مبارکباد پیش کی ہے۔×

Gujarat - Janamashtami

گجرات میں آج جنم اشٹمی کا تہوار پورے مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ یہ دن ریاست بھر کے بھگوان کرشن کے مندروں، دوارکا میں دوارکا دھیش مندر اور Dakor میں شری Ranchhodrai Ji مندر میں پورے جذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

*V/C - Aparna Khunt*

*ریاست میں کرشن جنم اشٹمی پورے مذہبی عقیدت و جوش و جذبے کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ عقیدتمندوں کی ایک بڑی تعداد دوارکا، Dakor, Shamlaji اور Iskon مندروں میں جمع ہوئی، جہاں انھوں نے پوجا ارچنا کی۔ کرشن جنم اتسو ویدک منتروں کے بیچ آدھی رات 12 بجے منایا جائے گا۔ دوارکا میں آج صبح مشہور دوارکا دھیش مندر میں منگل آرتی کے ساتھ جنم اشٹمی کی تقریبات شروع ہوئیں۔ بھگوان دوارکا دھیش مندر کو رنگا رنگ روشنیوں اور پھولوں سے سجایا گیا ہے۔ اِس خصوصی موقع پر بھگوان کرشن کی مورتی کو ہیروں اور سونے کے زیورات سے سجایا جائے گا۔ آدھی*

*رات 12 بجے سے ڈھائی بجے تک کرشن جنم اُتسو اور دیگر رسومات ادا کی جائیں گی، جہاں عقیدت مند رقص اور بھکتی کے گیت گائیں گے۔*

*احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حسین اختر۔*

IMD Rain

بھارت کے محکمہئ موسمیات نے اگلے تین روز کے دوران مدھیہ پردیش، راجستھان، گجرات، مہاراشٹر اور گوا میں شدید بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔ شمال مغربی مدھیہ پردیش اور مشرقی راجستھان میں ہوا کا کم دباؤ، گہرے دباؤ میں تبدیل ہوگیا ہے۔ توقع ہے کہ یہ مغربی، جنوب مغرب کی طرف بڑھے گا، جس سے جنوبی راجستھان اور گجرات متاثر ہوں گے اور یہ سوراشٹر اور کَچھ تک پہنچے گا۔ محکمہئ موسمیات نے کہا ہے کہ آج مغربی مدھیہ پردیش میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ اگلے تین روز کے دوران مشرق اور جنوبی راجستھان کے علاوہ گجرات، سوراشٹر اور کَچھ میں بھی اِسی طرح کے حالات کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ توقع ہے کہ اگلے دو روز کے دوران کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، اوڈیشہ، گنگائی، مغربی بنگال اور جھارکھنڈ میں بھی شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہئ موسمیات نے ماہی گیروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ 30 اگست تک بحیرہئ ارب اور خلیج بنگال خصوصاً گجرات اور مہاراشٹر کے ساحلوں میں مچھلیاں پکڑنے نہ جائیں۔×

SAFF-20 Championship

نیپال کی راجدھانی کاٹھمنڈو کے ANFA کمپلیکس میں SAFF-20 چمپئن شپ کے سیمی فائنل میں آج بھارت کی مردوں کی قومی ٹیم کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دن میں 2 بجکر 45 منٹ پر شروع ہوگا۔ بھارت نے سیمی فائنل میں جگہ بنانے کیلئے بھوٹان اور مالدیپ پر ایک صفر سے جیت درج کرکے اپنی مہم کا آغاز کیا تھا اور وہ گروپ-B میں سرِفہرست ہے۔ بھارت کے ہیڈ کوچ رنجن چودھری نے بتایا کہ بنگلہ دیش اِس چمپئن شپ میں روایتی طور پر واحد مضبوط ٹیم ہے اور آج ہم بنگلہ دیش کو ہرانے کیلئے بھرپور کوشش کریں گے۔×

US Open Tennis

یو ایس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ 2024 کا آج سے نیویارک میں آغاز ہورہا ہے۔ سبھی کی نگاہیں Sumit Nagal اور روہن بوپنا پر مرکوز ہوں گی، کیونکہ وہ بھارتی چیلنج کی قیادت کریں گے۔ Sumit Nagal دو ہزار انیس سے ایک سال میں چاروں گرینڈ سلیم ٹورنامنٹ کے سنگلز مقابلوں میں حصہ لینے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بننے کیلئے تیار ہیں۔

مردوں کے سنگلز میں یو ایس اوپن کے دفاعی چمپئن نوواک جوکووِچ، فرینچ اوپن اور ومبلڈن فاتح اسپین کے Carlos Alcaraz کے ساتھ کورٹ میں ہوں گے۔ اٹلی کے عالمی نمبر ایک کھلاڑی Jannik Sinner بھی مقابلے میں ہونگے۔

خواتین سنگلز مقابلے میں سبھی کی نگاہیں امریکہ کی Coco Gauff پر مرکوز ہوں گی، جو اپنے خطاب کا دفاع کریں گی۔×

Asian Surfing Championship

بھارت نے کل مالدیپ کے Thulusdhoo میں Asian Surfing Championship 2024 کے Maruhaba Cup ٹیم مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ جاپان نے فائنل میں 58 اعشاریہ چار صفر کے اسکور کے ساتھ سونے کا تمغہ جیتا۔ Taipei،23 اعشاریہ نو تین اور اور چین 22 اعشاریہ ایک صفر کے ساتھ بالترتیب تیسرے اور چوتھے مقام پر رہے۔x

یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فہیم احمد

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

اخبار ہندوستان ایکسپرس کی شہ سرخی ہے ’بنگال میں 15 مقامات پر CBI کے چھاپے، آر جی کر اسپتال کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں کے سلسلے میں سابق پرنسپل گھوش کے گھر کے علاوہ کئی جگہوں پر مرکزی ایجنسی کا ایکشن۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیر اعظم کے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے تعلق سے سرخی لگائی ہے ’ترقی یافتہ بھارت کا ہدف حاصل کرنے میں نوجوانوں کا اہم کردار‘۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ایک اور اہم سرخی ہے ’شہباز نے مودی کو SCO اجلاس کا بھیجا دعوت نامہ، پاکستان کررہا ہے شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس کی میزبانی‘۔

اخبارات کی ایک اور نمایاں سرخی ہے ’چراغ پاسوان لوک جن شکتی پارٹی کے دوبارہ قومی صدر منتخب‘۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- ★ خان یونس سے اسرائیلی فوج کا انخلاء۔
- ★ فوربس نے رواں سال دنیا کے 10 طاقتور ترین ممالک کی فہرست جاری کی۔ امریکہ درجہ بندی میں سرفہرست، چین اور روس بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر۔
- ★ فضائی کمپنی ’رائل اردن‘ نے بیروت کیلئے پروازیں معطل کردیں۔

★★★

**<u>آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر</u>**

1 دوسری بھارت۔سنگاپور وزارتی گول میز کانفرنس آج سنگاپور میں منعقد ہوگی۔ چار مرکزی وزراء نرملا سیتا رمن، پیوش گوئل، ایس جے شنکر اور اشونی ویشنو کانفرنس میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

2 مہاراشٹر کابینہ نے، مرکز کی یونیفائڈ پینشن اسکیم کی طرز پر، ریاست کے سرکاری ملازمین کے لیے نظرِ ثانی شدہ قومی پینشن اسکیم کو منظوری دے دی ہے۔

3 آج پورے ملک میں جنماشٹمی کا تہوار منایا جا رہا ہے۔

4 بھارت کے محکمہئ موسمیات نے اگلے تین روز کے دوران، مدھیہ پردیش، راجستھان، گجرات، مہاراشٹر اور گوا میں موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

5 آج کاٹھمنڈو میں 20 سال سے کم عمر کی SAFF چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں، بھارت کی مردوں کی ٹیم کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

6 اور

امریکی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ 2024 آج سے نیویارک میں شروع ہوگا۔

**اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔**

---------------------------------------